This question paper consists of **19** questions and **8** printed pages.

اس سوالنامے میں کل **19** سوالات اور **8** چھپے صفحات ہیں۔

رول نمبر (ہندسوں میں)

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

# URDU
# (اردو)
# (206)

**Code No. 64/S/O/U**

**SET A**

رول نمبر (الفاظ میں) ..........................................................................

امتحان کی تاریخ اور دن ..........................................................................

نگراں امتحان کے دستخط .1 ..........................................................................

.2 ..........................................................................

---

**ہدایات :**

1. طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔
2. مہربانی کر کے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اُتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔
3. طالب علم کو (A)، (B)، (C) اور (D) میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں اپنا صحیح جواب لکھنا ہے۔
4. معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔
5. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔
6. اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کا کوڈ نمبر **64/S/O/U, Set A** کو لکھیے۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

# URDU

# (اردو)

# (206)

وقت : 3 گھنٹے | کل مارکس : 100

1. درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 6

دلِ مضطر سے پوچھ اے رونقِ بزم
میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

یا

درج ذیل بند کی تشریح کیجئے۔نظم اور شاعر کا نام بھی لکھئے :

تیرے قدموں کی زینت ہے گوداوری
ہے ہمالہ کا پربت تیرا سنتری
ہے حقیقت میں کشمیر جنت تیری
ذرّے ذرّے میں تیرے ہے اک زندگی
دیش کی شان ہے تاج کا بانکپن
میرے ہندوستاں میرے پیارے وطن

2. نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 8

''کیا کبھی ان لوگوں کی حالت بدلے گی ؟ ہمارے بڑے بڑے ترقی اور مساوات اور برابری کے حامی لیکھکوں نے اس طبقے پر بھی لکھا ہے،نظمیں بھی کہی ہیں، مگر کیا لکھا ہے ؟ ان کے حسن، ان کی جوانی، ان کی کشش کا بکھان کیا، مگر سچے دل سے گہری نظر سے کیا کبھی ان کا دکھ دیکھا ؟ سمجھا ؟ محسوس کیا کہ یہ لوگ کیسی زندگی گزارتے ہیں ؟



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

اور میں انھیں خیالات میں گم بیٹھی رہی اور سامنے میری کتاب کے ان لکھے ورق ہوا میں پھڑ پھڑاتے رہے۔ اس دن میرے گھر پر ایک میٹنگ تھی ...... شام کو پبلک جلسہ تھا اور اس میں ہم سب کو بولنا تھا عورتوں کی حالت پر، ان کے حقوق پر، ان کے کارناموں پر''۔

(i) اس عبارت کے سبق اور اس کے مصنف کا نام لکھئے۔

(ii) کن لوگوں کی حالت بدلنے کی بات ہو رہی ہے ؟

(iii) ہوا میں کیا پھڑ پھڑاتے رہے ؟

(iv) شام کو پبلک جلسہ کس موضوع پر تھا ؟

**یا**

''کچھ دیر بعد وہ ایک جنگل سے گزرے۔ یہاں ایک مردہ شیر کی ہڈیاں پڑی تھیں۔ پہلے نے کہا، ''ہمیں اپنی ودیا استعمال کرنی چاہیے۔ ہم اس مرے ہوئے شیر کو زندہ کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے میں ہڈیاں جوڑوں گا۔ اور اس نے پھرتی سے ہڈیاں جوڑ دیں۔ دوسرے نے گوشت، خون اور کھال تیار کر دی۔ تیسرا شیر میں جان ڈالنے کے لیے آگے بڑھا۔ ان پڑھ نے اسے ٹوکا اور کہا، ''ارے ناسمجھ، یہ شیر ہے۔ اس میں تو جان ڈالے گا تو یہ سب کو کھا جائے گا''۔ اس نے جواب دیا ''چھوڑو بھی، مجھے اپنی ودیا دکھانے دو''۔ ان پڑھ نے کہا، ''اچھا ذرا ٹھہرو، میں تو پیڑ پر چڑھ جاؤں۔ اس کے بعد تیسرے ودوان نے اس شعر میں جان ڈال دی۔ لیکن جوں ہی شیر زندہ ہوا، سب کو کھا گیا اور عقلمند ان پڑھ نے درخت سے اتر کر اپنے گھر کی راہ لی''۔

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور س کا ماخذ کیا ہے ؟

(ii) مردہ شیر کی ہڈیاں کہاں پڑی تھیں ؟

(iii) ان پڑھ نے تیسرے ودوان کو ٹوک کر کیا کہا ؟

(iv) شیر کے زندہ ہونے کے بعد کیا ہوا ؟

3. غزل کی تعریف لکھئے اور یہ بھی بتائیے کہ مطلع کسے کہتے ہیں ؟ 4

**یا**

نظم کی تعریف لکھیے اور ہیئت کے اعتبار سے اس کی قسمیں بھی بتائیے۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

4. مکتوب نگاری کسے کہتے ہیں؟ اردو کے دو ایسے ادیبوں کے نام لکھئے جن کے مکتوب شائع ہوکر اہمیت حاصل کر چکے ہیں۔ **4**

**یا**

انشائیہ کی تعریف بیان کیجئے۔ اپنے کورس میں شامل انشائیہ اور انشائیہ نگار کا نام لکھئے۔

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تین سو **(300)** الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے : **10**

(a) یوم آزادی

(b) کووِڈ-19 ایک سنگین عالمی مسئلہ

(c) دیوالی

(d) کتاب میلہ

(e) یومِ اطفال

6. اپنی بہن کی شادی میں شرکت کی دعوت دینے کے لیے اپنی سہیلی کو ایک خط لکھئے۔ **8**

**یا**

اچانک ڈینگو ہونے پر چار دن کی چھٹی کے لیے اپنے اسکول کے پرنسپل کو درخواست لکھئے۔

7. تعلیم کے میدان میں روزبروز کمپیوٹر کی اہمیت کیوں بڑھتی جا رہی ہے؟ **5**

**یا**

ٹیلی ویژن ماس میڈیا کا ایک اہم ذریعہ کیوں ہے؟

8. غالبؔ کی شاعری کی خصوصیات لکھئے۔ **4**

**یا**

اقبالؔ کی نظم گوئی پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

9. میر تقی میرؔ کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟ **3**

10. گھٹاؤں کے سہن برسانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ **3**



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

11. پریم چند کی افسانہ نگاری کی خصوصیات لکھیے۔ 4

**یا**

سرسید کو جدید اردو نثر کا بانی کیوں کہا جاتا ہے؟

12. سلمیٰ کے کردار میں کون سی خوبی ہے؟ 3

13. کبیر کے کسی ایک دوہے کو لکھئے اور اس کے بارے میں اظہارِ خیال کیجئے۔ 3

14. اردو رسم الخط میں کتنے حروف ہیں ترتیب کے ساتھ لکھئے۔ 3

15. اسم صفت کسے کہتے ہیں مثالوں سے واضح کیجئے۔ 3

16. کسی ڈرامے میں اسٹیج کی کیا اہمیت ہوتی ہے؟ 3

17. مرثیہ کے اجزائے ترکیبی لکھئے۔ 3

18. تکرارِ لفظی کسے کہتے ہیں مثالوں سے واضح کیجئے۔ 3

19. نیچے دیے گئے ہر سوال کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صحیح جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھئے : **20 × 1**

(i) حامد نے چمٹا کیوں خریدا تھا؟

(A) کیونکہ اس کی دادی نے اس سے چمٹا خریدنے کو کہا تھا۔

(B) کیونکہ اسے دوستوں کو بتانا تھا کہ اس نے مضبوط کھلونا خریدا ہے۔

(C) کیونکہ اس کی دادی کے ہاتھ روٹی بناتے ہوئے جل جاتے تھے۔

(D) کیونکہ وہ بے وقوف تھا۔

(ii) موتیوں کی لڑی جیسے دمک رہے تھے

(A) ہاتھ (B) دانت

(C) ناخون (D) کان



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

(iii) کہیں لگن، کہیں چلپچی، کہیں اگالدان اس لیے رکھے گئے تھے تاکہ ......

(A) کمرہ سجا ہوا لگے۔

(B) ٹپکتا ہوا پانی ان برتنوں میں بھر کر محفوظ کر لیا جائے۔

(C) ٹپکتا ہوا پانی پورے کمرے میں نہ پھیلے۔

(D) انھیں دیکھ کر دل بہلتا رہے۔

(iv) نظم ''آدمی نامہ'' کے چوتھے بند میں شاعر کی حیرانی کی وجہ کیا ہے؟

(A) اسے کچھ نظر نہیں آتا　　(B) وہ ایک شاعر ہے

(C) اسے سب کچھ سوانگ نظر آتا ہے　　(D) وہ بالکل ناواقف ہے

(v) جنگل کی تاریکی کیوں دور ہو گئی تھی؟

(A) جوگن کے حسن اور چاندنی کی وجہ سے　　(B) سائے کا جگر ٹکڑے ہو جانے کی وجہ سے

(C) نور کی صورت خوش آنے کی وجہ سے　　(D) جوگن کا منھ دیکھ کر

(vi) شاعر نے کس جگہ کی آب و ہوا کا ذکر کیا ہے کہ جہاں جانے سے برسوں کے بیمار کو صحت مل جاتی ہے؟

(A) کشمیر　　(B) شملہ

(C) نینی تال　　(D) دہرہ دون

(vii) ''دل فریب'' ایک مرکب لفظ ہے جو دو لفظوں سے مل کر بنا وہ دونوں لفظ ہیں ......

(A) فریبِ دل　　(B) دل کا فریب

(C) دل - فریب　　(D) ان میں سے کوئی نہیں

(viii) ''پگڑی اتارنا'' کے معنی ہیں

(A) پگڑی اتار کر رکھ دینا　　(B) بے عزت کرنا

(C) عزت بڑھانا　　(D) سر کو ننگا کرنا

(ix) آنکھوں کے سامنے کسی کی تصویر کھنچ جانے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) محاکات　　(B) استعارہ

(C) مجازِ مرسل　　(D) حسنِ تعلیل



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

(x) غالبؔ کا خط پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ خط لکھنے والا اور خط پڑھنے والا جیسے آپس میں باتیں کر رہے ہوں کیونکہ

(A) غالبؔ آسان زبان میں خط لکھتے تھے۔

(B) غالبؔ نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا تھا۔

(C) غالبؔ اپنے ہر خط میں اپنی تصویر ضرور لگاتے تھے۔

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(xi) طنز کا مقصد ہے

(A) افراد اور معاشرے کی خامیوں پر لوگوں کی توجہ دلانا

(B) افراد اور معاشرے کی خامیوں پر لوگوں کو ہنسانا

(C) افراد اور معاشرے کی خامیوں پر لوگوں کو رلانا

(D) افراد اور معاشرے کے بارے میں تبادلۂ خیال کرنا

(xii) ''مفلس و گدا'' کے درمیان ''و'' کیا ہے؟

(A) حرف جار (B) حرف علت

(C) حرف عطف (D) حرف ندا

(xiii) افراد جمع ہے

(A) فرد کی (B) ایک شعر کی

(C) تنہائی کی (D) فہرست کی

(xiv) ''ایسا سکون جس پر تقریر بھی فدا ہو'' اس مصرعے میں کیا کہا گیا ہے؟

(A) خاموشی کی زبان بڑی ہی کارگر اور پُر اثر ہوتی ہے

(B) خاموشی تقریر کی طرح کام کرتی ہے

(C) تقریر بہرحال خاموشی سے بہتر ہے

(D) خاموشی اور تقریر یکساں اثر رکھتی ہیں



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

(xv) مضمون نویسی کو آسان بنانے کے لیے کتنے اجزاء میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) تین (B) چار

(C) پانچ (D) چھ

(xvi) درخواست کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

(A) چار (B) تین

(C) دو (D) چھ

(xvii) کلام میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضد ہوں، کیا کہلاتا ہے؟

(A) تشبیہ (B) استعارہ

(C) مجازِ مرسل (D) صنعت تضاد

(xviii) مصرعہ مکمل کیجئے۔ جنگ مشرق میں ہو کہ ............ میں

(A) یورپ (B) مغرب

(C) پچھّم (D) اُترّ

(xix) کونارڈز وسے کا نام کس کارنامے سے منسوب ہے؟

(A) ایوریسٹ فتح کرنے سے

(B) انگلش چینل عبور کرنے سے

(C) 1938ء میں پہلی دفعہ کمپیوٹر بنانے سے

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(xx) چھپائی کی شروعات کس ملک میں ہوئی؟

(A) ایران میں (B) برطانیہ میں

(C) چین میں (D) بھارت میں



Unnati Educations
9899436384, 9654279279